علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیۂ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس: فلسفہ شریعت اسلامی، (3959) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس (درس نظامی)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5) مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7) غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 | **امتحانی مشق نمبر 1** | کامیابی کے نمبر:50

(یونٹ 1-4)

سوال نمبر 1- روح کی حقیقت، اس کی اقسام اور موت کے بعد اس کے معدوم نہ ہونے کے تصور کو سامنے رکھتے ہوئے تجزیہ کریں کہ انسانی وجود کو صرف مادی وجود سمجھنا اس تصور سے کس طرح مختلف ہے؟ (20)

سوال نمبر 2- ایک معاشرے میں لوگ اچھے اور برے اعمال کے نتائج کو صرف دنیاوی زندگی تک محدود سمجھتے ہیں۔ اس صورتِ حال میں جزا و سزا کے اسباب اور مختلف صورتوں کے تصور کو استعمال کرتے ہوئے بتائیں کہ لوگوں کے اخلاقی رویے کی اصلاح کیسے کی جا سکتی ہے؟ (20)

سوال نمبر 3- ایک شخص کا یہ خیال ہے کہ چونکہ انسان کی عقل محدود ہے، اس لیے وہ اپنے اعمال کا مکمل ذمہ دار نہیں ہو سکتا، شاہ ولی اللہ علیہ الرحمۃ کی تعلیمات کی روشنی میں اس موقف کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 4- دنیا میں جزا و سزا، موت، عالمِ برزخ اور احوالِ حشر کے مباحث کو باہم مربوط کرتے ہوئے واضح کریں کہ انسانی اعمال کے اثرات دنیا اور آخرت کے تصور میں کس طرح ایک مسلسل تعلق پیدا کرتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر 5- آدابِ معاشرت، والدین کی اطاعت، اولاد کی تربیت، خادم و مخدوم کے حقوق اور محتاجوں کی مدد کے مباحث کی روشنی میں تنقیدی جائزہ لیں کہ معاشرتی تعلقات میں صرف قانونی پابندیاں کافی ہیں یا اخلاقی ذمہ داری بھی ضروری ہے۔ (20)

کل نمبر:100 | **امتحانی مشق نمبر 2** | کامیابی کے نمبر:50

(یونٹ: 5-9)

سوال نمبر 1۔ ارتفاقِ ثالث کے تصور کی روشنی میں قوم، سوسائٹی اور حکومت کے باہمی تعلق کا تجزیہ کریں اور واضح کریں کہ حکومت کے فرائض معاشرتی نظم کے قیام میں کیوں اہم ہیں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ حکومت کی اہلیت، معاونین کے انتخاب، ٹیکس اور مختلف شعبوں کے سربراہوں کے اوصاف سے متعلق مباحث کا تجزیہ کرتے ہوئے واضح کریں کہ مؤثر حکومتی نظام کے لیے صرف حاکم کی اہلیت کافی کیوں نہیں؟ (20)

سوال نمبر 3۔ ایک طالب علم یہ سمجھتا ہے کہ کامیابی صرف زیادہ دولت، شہرت یا دنیاوی مقام حاصل کرنے کا نام ہے۔ کتاب میں بیان کردہ حقیقی سعادت کے تصور کی روشنی میں اس کے تصورِ کامیابی کی اصلاح کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ شرک کی حقیقت، اس کی مختلف صورتوں اور دین میں تحریف کے اسباب کو یکجا کرتے ہوئے ایک جامع وضاحت پیش کریں کہ عقیدے کی درستگی اور دینی اعمال کی صحت کے درمیان کیا تعلق ہے؟ (20)

سوال نمبر 5۔ عبادات کے اوقات کے تعین کے بیان کردہ اصولوں کا تجزیہ کرتے ہوئے واضح کریں کہ عبادات کے لیے مخصوص اوقات مقرر کرنے میں سہولت، مصلحت اور عبادت کے مقصود کو کس طرح ملحوظ رکھا گیا ہے؟ (20)